Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ — مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۸ ماہ رجب المرجب ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۵ ماہ ستمبر ۱۹۳۷ء — جلد ۱۹

حصہ اول (عام)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری استعفا سید مقبول احمد صاحب (سابق سکریٹری اسٹیٹ کونسل) و مستقلی بجایش مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بہادر (موجودہ سکریٹری اسٹیٹ کونسل)	۲	۲	منظوری رخصت عالیمرتبت صاحبزادہ ...	۲
			۳	وضاحت روبکار مجریہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۷ء	۲و۳
			۴	منظوری رپورٹ بابت کمیشن انسداد بیروزگاری	،،

آرڈرز اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	رخصت ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب اسسٹنٹ ...	۲	۳	منظوری حد سپرنٹنڈنٹ ...	۲
۲	استعفا از ملازمت منشی محمد شاہ بیگ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ...	،،	۴	،، تعیین تنخواہ جیلر صاحب زندان	۴و۵

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع ۱۷ ستمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حسب رپورٹ بمنظوری استعفاء سید معقول احمد صاحب، مرزا ناصر الدین مسعود صاحب کا مستقل تقرر بہ تنخواہ و موٹر الاؤنس موجودہ عہدہ سکریٹری اسٹیٹ کونسل منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جز عرض — میر سامانہ

جنابِ عالی

قبل ازیں بحکم اجلاس ہمایوں مورخہ ۵ جون ۱۹۳۶ء سید معقول احمد صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی رخصت رعایتی تین ماہ تاریخ استعفاء سے منظور ہوئی تھی۔ اور اُن کے بجائے مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بی۔ اے کو تقرر بعہدہ بشرح تین سو روپیہ و چالیس روپیہ ماہانہ موٹر الاؤنس ہوا تھا۔ بلحاظ تاریخ استعفاء سید معقول احمد صاحب کی رخصت ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء کو ختم ہوگئی۔ اب اُن کا ملازمت سے استعفاء موصول ہوا ہے۔ بنابریں تر تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے بمنظوری استعفاء سید معقول احمد صاحب مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بہادر بی۔ اے کا مستقل تقرر تاریخ ختم رخصت سے بشرح موجودہ و موٹر الاؤنس موجودہ بعہدہ سکریٹری کونسل منظور ہونے کا حکم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرض

ترجمہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۹۳۶ء

حسب منشائے حکم ہمایوں صادر شدہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل [illegible]۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر — ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء

حکم

واقع ۱۹ ستمبر ۱۹۳۶ء

مرتبہ سررشتہ عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بابت منظوری بقیہ رخصت خورد ازاں ۲ ستمبر لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء بوجہ عدم استفادہ منسوخی رخصت اکیس یوم ابتدائے ۲ ستمبر لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء منظور شدہ بحکم ۹ اگست ۱۹۳۶ء۔

حکم

موجب رپورٹ، عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی بقیہ رخصت ۲ ستمبر لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء منسوخ کی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار

واقع ۲۰ ستمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عالیمرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر کی ذاتی خدمات کے متعلق ۱۷ ستمبر ۱۹۳۶ء کو روبکار جاری ہوا ہے۔ روبکار مذکور کی پیراگراف (۲) کی عبارت ہے کہ عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج کشن و پبلک ورکس کو حسب ذیل صیغہ جات مزید تفویض کئے جاتے ہیں۔ محکمہ انہار۔ باغات گھوڑا گھال، بریلی، مراد آباد بتوسط صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر۔ محکمہ صنعت و حرفت، ویونگ اسکول، اسٹور پرچیز ڈپارٹمنٹ۔ روبکار ہذا مطابقاً جاری کیا جاتا ہے کہ محکمہ انہار، محکمہ صنعت و حرفت، ویونگ اسکول، اسٹور پرچیز ڈپارٹمنٹ بدستور اور صرف باغات گھوڑا گھال، بریلی، مراد آباد بتوسط صاحب [illegible] عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج کشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کے

متعلق رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

حکم

واقع ۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رپورٹ منظور ہے۔ واپس ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے اپنے فرمان مصدرہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۳ء کے ماتحت حکم فرمایا تھا کہ انسداد بے روزگاری اور اقتصادی مسائل پر غور کرنے کے لئے ایک کمیشن کی ترتیب کے متعلق چیف منسٹر رپورٹ پیش کرے۔

بتعمیل حکم ہمایوں ترقی خواہ حسب ذیل معروضات پیش کرتا ہے:-

(۱) کمیشن کی ترتیب حسب ذیل ہو:-

۱- عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر انچارج ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ — صدر
۲- ڈاکٹر احسان محمد خانصاحب فائنانس سکریٹری بہادر — ممبر و سکریٹری
۳- عالیمرتبت مسٹر رگھونندن کشور صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر — ممبر
۴- نور النبی خاں صاحب چیرمین میونسپل بورڈ رامپور — "
۵- صولت علی خاں صاحب — "
۶- لالہ گوپی چند صاحب ممبر میونسپل بورڈ رامپور — "
۷- خان بہادر فدا علی خاں بہادر ممبر مجلس وضع قوانین — "
۸- صاحبزادہ واجد علی خاں بہادر — "
(۹) محمد حسن خاں صاحب (ولد بہادر حسن خاں صاحب مرحوم) — "

(۲) کمیشن کا دائرہ کار حسب ذیل ہوگا:-

۱- شہر رامپور میں بیروزگاری کی نوعیت اور وسعت کے متعلق صحیح معلومات بہم پہونچا کر رپورٹ کرنا۔

۲- رامپور کی موجودہ صنعتوں پر تبصرہ - اور اونکی ترقی کے ذرائع کے متعلق سفارشات پیش کرنا۔

۳- رامپور میں عام صنعتی ترقی کے بہترین طریقوں کے متعلق سفارشات پیش کرنا۔

۴- موجودہ بجٹ میں صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے ایک لاکھ روپئے کی جو رقم فراہم کی گئی ہے اس کے بہترین صرف کے متعلق سفارشات پیش کرنا۔

ترقیخواہ متدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری معروضات بالا شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی ترقی خواہ - دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

۲۴ ستمبر ۱۹۳۳ء
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرز اِن کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ — مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۴ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء میں کاغذات متعلق منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب از یوم استعفاء حسب استحقاق معہ رقعہ فائنانس پیش ہو کر طے پایا کہ۔
حسب استحقاق۔ ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب کی ایک ماہ کی رخصت رعایتی یوم استعفاء سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ — مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۴ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت تعیناتی منشی محمود شاہ بیگ سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس سیکشن از ٹریننگ دفتر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل یوپی بوجہ قابلیت خاص و تجربہ پیش ہو کر طے پایا کہ۔
چونکہ منشی محمود شاہ بیگ دفتر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل یوپی میں پانچ سال تک کام کر چکے ہیں اور صیغہ فائنانس کے کارہائے متعلقہ میں تجربہ خصوصی حاصل ہے۔ لہٰذا انکو ٹریننگ سے بصورت خاص مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔ یہ استثناء دوسروں کے لئے نظیر نہ ہوگی۔ یکم مئی ۱۹۳۴ء سے سینیر سپرنٹنڈنٹ کے گریڈ کی تنخواہ دلائی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ — مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۴ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت منظوری عہدہ سپرنٹنڈنٹ برائے منشی بانکے بہاری لال ہیڈ کلرک ریونیو آفس بہ تنخواہ گریڈ نوے روپیہ ماہانہ بوجہ استعداد و قابلیت و عہدہ داری کو معہ مراسلات دفتر و تیاری نوٹ بر مسلہ۔ پیش ہو کر طے پایا کہ۔
حسب اتفاق فائنانس منشی بانکے بہاری لال ہیڈ کلرک ریونیو آفس کے لئے عہدہ سپرنٹنڈنٹ بہ تنخواہ گریڈ نوے روپیہ ماہانہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ — مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۴ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۴ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت منظوری تنخواہ منشی فضل الرحمن خاں جیلر فی الحال بحساب ایک سو روپیہ ماہانہ حسب اسکیم گریڈ۔ جو مسلہ فائنانس کو بھیجی گئی ہے اور تصفیہ میں ابھی تاخیر ہے چونکہ اسکیم مذکور میں جیلر زنداں کی ابتدائی تنخواہ ایک سو روپیہ ماہانہ رکھی گئی ہے۔ اس لئے فی الحال کونسل سے ایک سو روپیہ ماہانہ تنخواہ کی منظوری کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد گریڈ کمیٹی سے جیسی قدر تنخواہ منظور ہوگی اس کے مطابق ۱۸ اگست ۱۹۳۴ء یوم چارج سے تنخواہ کا عملدرآمد ہوگا۔
پیش ہو کر طے پایا کہ۔

حسب تجویز منشی فضل الرحمن خاں صاحب جیلر کی تنخواہ یکم ستمبر ۱۹۳۶ء
سے فی الحال ایکسو روپیہ ماہانہ منظور کیجاتی ہے۔ گریڈ کمیٹی سے
جسقدر تنخواہ کا تصفیہ ہوگا اس کا عملدرآمد ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء یوم جاری
سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل